# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

## (شعبہ قرآن و تفسیر)

### وارننگ

**عزیز طلبہ!**

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام:** قصص القرآن۔ (1972) سمسٹر: بہار 2026ء

**سطح:** بی۔ ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 (یونٹ نمبر:1تا5) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ قصہ کے لغوی، اصطلاحی معانی اور قصص قرآنی کی تعریف تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ قرآنی قصوں میں تکرار کی حکمت بیان کیجیے اور قرآن مجید میں مذکور قصص واقعیہ پر مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ مندرجہ ذیل شخصیات پر قرآن مجید کی روشنی میں نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

(1)۔ہابیل (2)۔ذوالقرنین (3)۔نمرود (4)۔ قابیل

سوال نمبر4۔ نوح علیہ السلام کی قوم کی ہلاکت پر قرآنی آیات کی روشنی میں جامع نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ دعوت دین میں ابراہیم علیہ السلام کا واسطہ جن مشرکین سے پڑا ان کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے قرآن مجید میں مذکور ابراھیم علیہ السلام کی دعوت کے مختلف اسالیب تحریر کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 (یونٹ:6تا9) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ قرآن مجید میں مذکور اسماعیل اور اسحاق علیہما السلام کے واقعات کا جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ یعقوب علیہ السلام کے قصے کے قرآنی مندرجات بالتفصیل لکھیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ قرآن مجید کی روشنی میں موسیٰ علیہ السلام کی دعوتِ دین اور فرعون کے ردِ عمل کی تفصیل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر اٹھائے جانے اور دوبارہ نزول پر دلائل سے مزین جمہور علماء کا موقف تحریر کیجیے۔
(20)

سوال نمبر5۔ نبی کریم ﷺ کے بارے میں قرآنی معلومات کا خاکہ تحریر کیجیے۔ (20)